Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED

DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ

جلد 14 | ہفتہ، 28 ستمبر 2024ء ، 23 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 306

مایوسی پھیلانے والے عناصر اجتماعی کوششوں سے شکست کھا چکے ہیں، آرمی چیف

آرمی چیف نے برادر اور دوست ممالک، خاص طور پر چین، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کی پاکستان کی معاشی بحالی میں کئی شعبوں میں مدد پر بھی تعریف کی

قوم کو پاکستان کے روشن مستقبل پر مکمل یقین اور اعتماد ہونا چاہیے، پاکستان، اللہ کے حکم سے، اپنے حقیقی مقام تک پہنچے گا، کراچی میں تاجر برادری کے رہنماؤں سے ملاقات

راولپنڈی / کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ وہ افراد جو معاشرے میں مایوسی پھیلانے کی ناکام کوششیں کر رہے تھے، تمام اسٹیک ہولڈرز کی اجتماعی کوششوں سے شکست کھا چکے ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق آرمی چیف نے (بقیہ نمبر 32)

راول ڈیم میں پانی کی سطح 1752 فٹ، سپل ویز کھولنے کا فیصلہ

راول ڈیم کے سپل ویز (آج) صبح 6 بجے کھولے جائیں گے، احتیاطی تدابیر جاری

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی دارالحکومت میں بارش کے بعد راول ڈیم میں پانی کے ذخائر کی سطح 1752 فٹ تک پہنچ گئی۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے راول ڈیم کے سپل ویز کھولنے کا فیصلہ کر لیا گیا، راول ڈیم کے سپل ویز (آج) ہفتہ کی صبح 6 بجے (بقیہ نمبر 31)

وزیراعظم کا خطاب پوری امت مسلمہ کے جذبات کی ترجمانی تھی

وزیراعظم نے جس طرح آئینہ دکھایا اسکی کہیں مثال نہیں ملتی، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سپیکر قومی اسمبلی کا قائد ایوان / وزیراعظم محمد شہباز شریف کے اقوام متحدہ کے 79ویں اجلاس میں خطاب کے حوالے سے بیان وزیراعظم شہباز شریف کا اقوام متحدہ کی 79ویں جنرل اسمبلی سے خطاب پوری امت مسلمہ کے جذبات (بقیہ نمبر 33)

وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں پڑوسی ممالک سے اسپانسرڈ دہشت گردی کی جا رہی ہے، وزیراعظم

غزہ مظالم نے انسانیت کو ہلا کر رکھ دیا

اسرائیلی جارحیت کو طوالت دینے والوں کے ہاتھ بھی غزہ کے بچوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں، نہتے فلسطینیوں کا خون رائیگاں نہیں جائیگا، فلسطینی بچے شہید ہو رہے ہیں دنیا خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، عالمی برادری کو پائیدار امن اور دو ریاستی حل کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا

بھارت کے جارحانہ عزائم سے خطے کے امن کو خطرات ہیں، بدقسمتی سے پاکستان کی مثبت تجاویز کا بھارت نے جواب نہیں دیا، پاکستان کسی بھی بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دے گا، پاکستان بھارت کے غیر قانونی قبضے کے خلاف کشمیری عوام کی جائز جدوجہد کی حمایت جاری رکھے گا، خطاب

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ اسرائیلی جارحیت کو طوالت دینے والوں کے ہاتھ بھی غزہ کے بچوں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں، نہتے فلسطینیوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، فلسطینی بچے شہید ہو رہے ہیں مگر دنیا خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے ہمیں ایک قابل عمل، محفوظ، مسلسل اور خودمختار فلسطینی ریاست کو 1967 کی سرحدوں سے پہلے کی بنیاد پر تلاش کرنا چاہیے جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو، فلسطین کو اقوام متحدہ کا مکمل رکن بھی فوری طور پر تسلیم کیا جانا چاہیے، عالمی برادری کو پائیدار امن اور دو ریاستی حل کے لئے کردار ادا کرنا ہوگا، بھارت کے جارحانہ عزائم سے خطے کے امن کو خطرات ہیں، بدقسمتی سے پاکستان کی مثبت تجاویز کا بھارت نے جواب نہیں دیا، پاکستان (بقیہ نمبر 39)

الیکشن کمیشن نے مخصوص نشستوں پر سپریم کورٹ کا وضاحتی فیصلہ چیلنج کر دیا

12 جولائی کے فیصلے کی وضاحت 25 جولائی کو دائر کی، نظر ثانی درخواست

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے مخصوص نشستوں کے حوالے سے سپریم کورٹ کے فیصلے کو مفروضوں پر مبنی قرار دیتے ہوئے 14 ستمبر کی (بقیہ نمبر 11)

یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور کے پرو وائس چانسلر کی برطرفی کا فیصلہ معطل

لاہور (اے ایف پی) لاہور ہائیکورٹ نے یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور کے پرو وائس

وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر کا فیصل آباد کیمپس کا دورہ

آرٹیفیشل انٹیلی جنس سمیت آئی ٹی سے متعلقہ نئے ڈسپلن شروع کریں گے

لاہور / فیصل آباد (این این آئی) وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر نے فیصل آباد کیمپس کا دورہ کیا کیمپس کو آرڈیننیٹر ڈاکٹر محسن اور فیکلٹی ممبران نے وائس چانسلر (بقیہ نمبر 7)

آرٹیکل 63 اے نظر ثانی کیس سپریم کورٹ میں پیر کو سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (اے ایف پی) آرٹیکل 63 اے نظر ثانی کیس سپریم کورٹ (بقیہ نمبر 27)

آئی ایم ایف سے قرض کی پہلی قسط موصول، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ

7 ارب ڈالر کی پہلی قسط ایک ارب دو کروڑ 69 لاکھ ڈالر موصول ہوئی

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) نے کہا ہے کہ عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) کی جانب سے 7 ارب ڈالر قرض کی پہلی قسط جاری (بقیہ نمبر 54)

وزیراعظم شہباز شریف کا سیاحت کے عالمی دن پر پیغام

اس سال سیاحت کے عالمی دن کا موضوع "سیاحت اور امن" صحیح معنوں میں سیاحت کے ایک اہم پہلو کی عکاسی کرتا ہے

ثقافتی تبادلوں کے ذریعے اقتصادی ترقی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور امن کو فروغ دینے کے لیے سیاحت کا استعمال کیا جا سکتا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) آج پوری دنیا میں اقوام متحدہ کے تحت سیاحت کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ اس سال سیاحت کے عالمی دن کا موضوع "سیاحت اور امن" صحیح معنوں میں سیاحت کے ایک اہم پہلو کی عکاسی کرتا ہے۔ درحقیقت سیاحت دنیا بھر سے لوگوں کو آپس میں جوڑتی ہے اور اقوام اور متنوع ثقافتوں کے درمیان امن، ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم محرک کا کردار ادا کرتی ہے۔ تیزی سے پھیلتی ہوئی کثیر الثقافتی دنیا میں سیاحت ایک متحرک شعبے کے طور پر ابھر رہی ہے۔ اقوام عالم نے عوامی روابط کو بڑھانے ، (بقیہ نمبر 41)

اے این ایف کارروائیوں میں 4 کروڑ سے زائد مالیت کی منشیات برآمد

راولپنڈی (اے ایف پی) اے این ایف کی مختلف کارروائیوں (بقیہ نمبر 42)

جڑواں شہروں میں بارش، نشیبی علاقے زیر آب آ گئے

بعض مقامات پر سڑکیں اور گلیاں تالاب کی شکل اختیار کر گئیں، بجلی کا نظام متاثر

اسلام آباد (اے ایف پی) ملک کے مختلف شہروں میں موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری ، جڑواں شہروں راولپنڈی اور اسلام آباد میں طوفانی بارش سے نشیبی (بقیہ نمبر 43)

معروف ہدایت کارہ و مصنفہ عاصمہ بٹ مسلم لیگ ن کے رہنما ممبر قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بیرسٹر دانیال چوہدری سے ملاقات کر رہی ہیں

فنکاروں کی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات اٹھانے پر مسلم لیگ ن کی قیادت کے مشکور ہیں

جس نے ہمیشہ عوام اور فنکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات اٹھائے اس پر عوام اور فنکار طبقہ ان کا بے حد مشکور ہے

فنکاروں کی امیدوں کا مرکز ن لیگ کی اعلیٰ قیادت اور نوجوان رہنما ممبر قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری ہیں

فنکاروں کو قومی امید ہے کہ فنکاروں کو بلا تفریق باعزت روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے، مصنفہ و ہدایت کارہ عاصمہ بٹ

راولپنڈی (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) معروف ہدایت کارہ و مصنفہ عاصمہ بٹ نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن عوام کی مقبول سیاسی جماعت ہے۔ جس نے ہمیشہ عوام اور فنکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات اٹھائے اس پر عوام اور فنکار طبقہ ان کا بے حد مشکور ہے۔ فنکاروں کی امیدوں کا مرکز ن لیگ کی اعلیٰ قیادت اور نوجوان رہنما ممبر قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری ہیں۔ فنکاروں کو قومی امید ہے کہ فنکاروں کو بلا تفریق باعزت روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے، اور متعلقہ اداروں تک ان کی رسائی سہل بنائی جائے گی۔ مصنفہ و ہدایت کارہ عاصمہ بٹ نے یہ بات پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما ممبر قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری سے اہم ملاقات کے دوران کہی۔ جہاں عاصمہ بٹ نے انھیں (بقیہ نمبر 1)

ٹرانسمیشن انفراسٹرکچر میں بنیادی تبدیلی لانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں

جو توانائی کے شعبے کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگا اور جس سے صنعتی اور اقتصادی ترقی کو فروغ ملے گا، وزیر توانائی اویس لغاری

آئی بی اے کے سکول آف بزنس اسٹڈیز اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کے اشتراک سے ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) آئی بی اے کے سکول آف بزنس اسٹڈیز اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کے اشتراک سے ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں پاکستان پاور ریفارمز پروجیکٹ کا آغاز ہوا۔ وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے شرکاء سے خطاب کیا، جس میں انہوں نے نظام کی خامیوں کی نشاندہی کی اور اصلاحات کے لیے ایک واضح روڈ میپ پیش کیا جو توانائی کے شعبے کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگا اور جس سے صنعتی اور اقتصادی ترقی کو فروغ ملے گا۔ وفاقی وزیر نے واضح طور پر کہا کہ اصلاحات کا دائرہ کار مفصل اور وسیع ہے اور ان کے نتائج چند مہینوں میں ظاہر ہوں گے۔ پاور ڈویژن تقسیم کار کمپنیوں کے حکومتی معیارات کو بہتر بنانے کی جانب سرگرم عمل ہے، جبکہ ٹرانسمیشن انفراسٹرکچر میں بنیادی تبدیلی لانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں تاکہ کارکردگی کو بہتر بنایا جا سکے (بقیہ نمبر 21)

وزیراعظم کی ایرانی صدر سے ملاقات، غزہ میں فوری جنگ بندی پر زور

ایران پاکستان باہمی حمایت اور شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

نیویارک (اے ایف پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی نیویارک میں ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے ملاقات ہوئی جس میں وزیراعظم نے غزہ میں فوری طور پر انسانی بنیادوں پر جنگ بندی اور فلسطین اور لبنان کے خلاف جاری اسرائیلی جارحیت کے خاتمے پر زور دیا۔ وزیراعظم اور ایرانی صدر کی ملاقات اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 79ویں (بقیہ نمبر 34)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ڈپٹی کمشنر آفس مظفر گڑھ میں ارکان اسمبلی سے ملاقات کر رہی ہیں

15 ارب روپے کی لاگت سے احساس منصوبوں پر کام شروع

احساس روزگار، احساس ہنر، احساس نوجوان روزگار و دیگر منصوبوں کی تیاریاں مکمل کر لی گئیں

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا حکومت نے عوام دوست اقدامات اٹھاتے ہوئے 15 ارب روپے کی لاگت سے احساس منصوبوں پر کام شروع کر دیا۔ صوبائی حکومت کی جانب سے احساس روزگار، احساس ہنر، احساس نوجوان روزگار و دیگر منصوبوں کی (بقیہ نمبر 47)

ہلاک ایک اور افغان دہشت گرد کی شناخت ہوگئی

ہلاک افغان خارجی دہشتگرد کی شناخت جلال ولد نعمت اللہ کے نام سے ہوئی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں ہلاک ہونیوالے ایک اور افغان دہشتگرد کی شناخت ہوگئی۔ پاک فوج نے فتنہ الخوارج کیخلاف کئی چھوٹے بڑے کامیاب آپریشنز کر کے ان دہشتگردوں کی کمر توڑ دی، زندہ بچ جانے والے خارجی افغانستان بھاگ گئے جہاں انھیں محفوظ پناہ گاہیں میسر ہیں، ذرائع کے مطابق 2021 میں افغانستان پر قبضے کے بعد سے افغان طالبان پاکستان میں دہشتگردی کیلئے مکمل طور پر فتنہ الخوارج کو سہولت کاری، فنڈنگ اور حمایت فراہم کرتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق افغان طالبان کے (بقیہ نمبر 13)

وزیراعظم شہباز شریف عراقی وزیراعظم سے مصافحہ کر رہے ہیں

وزیراعظم پاکستان اور عراقی وزیراعظم کے درمیان ملاقات

وزیراعظم نے پاکستانی زائرین کے لئے انتظامات پر عراقی حکومت کو سراہا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم پاکستان اور عراق کے وزیراعظم کے درمیان 79ویں یو این جی اے کے موقع پر دو طرفہ ملاقات وزیراعظم محمد شہباز شریف (بقیہ نمبر 40)

عمران خان کی اڈیالہ جیل میں ایک سال قید کی تفصیلات

عمران خان کی 365 دنوں میں 180 سے زائد جیل ٹرائل سماعتیں ہوئیں

راولپنڈی (اے ایف پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اڈیالہ جیل میں ایک سال قید کی تفصیلات، بانی پی ٹی آئی اور سابق وزیراعظم عمران خان کے اڈیالہ جیل میں 365 دنوں میں 180 سے زائد جیل ٹرائل سماعتیں ہوئیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے پارٹی رہنماں اور وکلا سے 100 سے زائد ملاقاتیں کیں۔ عمران خان نے 365 دنوں میں ایک ہزار گھنٹے سماعتوں کے دوران عدالت میں گزارے۔ اسی طرح ایک سال میں 90 دن قید تنہائی میں گزارے جب کہ بانی پی ٹی آئی ان 365 دنوں میں کبھی بیمار نہیں ہوئے۔ بانی چیئرمین تحریک انصاف نے 365 دنوں میں صرف دانت میں درد کی شکایت کی۔ اسی دورانیے میں انہوں نے 180 سے زائد مرتبہ میڈیا سے گفتگو کی جب کہ ایک سال کے دوران عمران خان (بقیہ نمبر 15)

پبلک سروس کمیشن امتحانات، 7 شہروں میں دفعہ 144 نافذ ہوگی

امتحانی مراکز سے 100 گز کے فاصلے تک غیر متعلقہ افراد کی نقل و حرکت پر پابندی عائد

لاہور (اے ایف پی) حکومت پنجاب نے پبلک سروس کمیشن کے امتحانات کے دوران صوبے کے 7 شہروں میں دفعہ 144 لگا دی، حکومت پنجاب کی ہدایت پر محکمہ (بقیہ نمبر 37)

تمام تعلیمی بورڈز انٹرمیڈیٹ پارٹ ون کے نتائج کا اعلان یکم اکتوبر کو کریں گے

فیصل آباد (اے ایف پی) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد، سرگودھا، ساہیوال، گوجرانوالہ، ملتان، بہاولپور، ڈیرہ غازی خان، راولپنڈی، لاہور سمیت پنجاب بھر کے تمام اعلیٰ و ثانوی تعلیمی بورڈز انٹرمیڈیٹ پارٹ ون کے سالانہ امتحان 2024 کے نتائج کا اعلان یکم اکتوبر کو کریں گے۔ انٹرمیڈیٹ سال اول (فرسٹ ایئر) کے نتائج کا اعلان بیک وقت یکم اکتوبر بروز منگل کو صبح 10 بجے کیا جائے گا۔

سیاحت کے فروغ کیلئے ممکنہ وسائل بروئے کار لائینگے: وزیراعلیٰ پنجاب

پنجاب میں سیاحت کا بے پناہ پوٹینشل ہے، قدرتی حسن سے مالا مال پنجاب کے علاقے کسی سے کم نہیں

پنجاب کا تاریخی، ثقافتی اور قدرتی ورثہ دنیا بھر کے سیاحوں کیلئے باعث کشش ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ سیاحت کے فروغ کیلئے ممکنہ وسائل بروئے کار لائیں گے۔ عالمی یوم سیاحت پر اپنے پیغام میں مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ سیاحت کے پرعزم جذبے رکھنے والوں کو سلام پیش کرتے ہوں، اللہ تعالیٰ نے بھی انسان کو زمین پر چلنے پھرنے اور غور و فکر کرنے کی دعوت دی، سیاحت انسان کی فطری صلاحیتوں کو جلا بخشتی اور فکر و تدبر میں (بقیہ نمبر 52)

محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ کا گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ٹاؤن شپ کا دورہ

ساجدہ فاروق تارڑ نے چیئرمین یوسی 239 اشفاق جٹ کی جانب سے سکول کی بچیوں کو عطیہ کیے گئے الیکٹرک واٹر کولر کا تحفہ بھی دیا

بچے اس قوم کا سرمایہ ہیں اور اساتذہ ان کی تربیت میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں، محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ

لاہور (اے پی پی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ کی والدہ محترمہ ساجدہ فاروق تارڑ نے حلقہ این اے 127 کی یوسی 239 میں واقع گورنمنٹ گرلز ہائی سکول سیکٹر ڈی 2 ون ٹان شپ کا دورہ کیا۔ کوآرڈینیٹر وومن ونگ این اے (بقیہ نمبر 44)

وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ کی والدہ ماجدہ فاروق تارڑ حلقہ این اے 127 میں واقع ویمن گرلز ہائی سکول ٹاؤن شپ کی طالبات کیلئے الیکٹرک کولر کا تحفہ دے رہی ہیں

بانی پی ٹی آئی کی تصویر، ویڈیو پر پابندی

چیئرمین پیمرا کیخلاف پی ٹی آئی کی درخواست دائر کر دی گئی

لاہور (اے ایف پی) پاکستان تحریک انصاف نے عمران خان کی تصویر اور ویڈیو میڈیا پر نہ دکھانے پر چیئرمین پیمرا کیخلاف درخواست دائر کر دی۔ لاہور ہائی کورٹ میں پی ٹی آئی کی جانب سے سینٹرل پنجاب کے سینئر نائب صدر اکمل خان باری (بقیہ نمبر 48)

بشریٰ بی بی کیخلاف درج مقدمات، پولیس نے رپورٹ عدالت میں جمع کرا دی

اسلام آباد (اے ایف پی) بشریٰ بی بی کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات کے کیس میں پولیس نے رپورٹ عدالت میں جمع کرا دی۔ پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین (بقیہ نمبر 24)

کشمیر سپریم لیگ (کے ایس ایل) امن کا پیغام ہے، سینیٹر خلیل طاہر سندھو

کرکٹ ڈپلومیسی مسئلہ کشمیر کے حوالے سے اہم ہے بھارتی نے جموں کشمیر کی آئینی حیثیت ختم کی

ہم کے ایس ایل کروا کر دنیا بھر کو امن کا پیغام دے رہے ہیں موجودہ حالات میں کے ایس ایل کا اہتمام ایک نوبل کاز ہے

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) سینیٹر خلیل طاہر سندھو نے کہا ہے کہ کشمیر سپریم لیگ (کے ایس ایل) امن کا پیغام ہے کرکٹ ڈپلومیسی مسئلہ کشمیر کے حوالے سے اہم ہے بھارتی نے جموں کشمیر کی آئینی حیثیت ختم کی اور ہم کے ایس ایل کروا کر دنیا بھر کو امن کا پیغام دے رہے ہیں موجودہ حالات میں کے ایس ایل کا اہتمام ایک نوبل کاز ہے کے پی ایل کے انعقاد کے اقدام پر مسعود احمد خان کو خراج تحسین کرتے ہیں ملکی و بین الاقوامی سطح پر اس ایونٹ کو کامیاب بنانے کی کوشش کرینگے ان خیالات کا اظہار سینیٹر خلیل طاہر سندھو نے کشمیر سپریم لیگ کے مرکزی آفس اسلام آباد میں میڈیا کیساتھ گفتگو (بقیہ نمبر 53)

سینیٹر خلیل طاہر سندھو کشمیر سپریم لیگ کے مرکزی آفس میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ علی امین گنڈا پور کی متعدد رہنماؤں کو وارننگ

کچھ رہنماؤں کی جلسوں میں عدم دلچسپی کی شکایات ہیں، عمران خان کیلئے جلسوں میں عدم دلچسپی نقصان دہ ہو سکتی ہے،

ہر رہنما کی کارکردگی دیکھ رہا ہوں، صحیح اور حقائق پر مبنی رپورٹ بانی پی ٹی آئی کو پیش کروں گا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور نے متعدد رہنماؤں کو وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ کچھ رہنماؤں کی جلسوں میں عدم دلچسپی کی شکایات ہیں، عمران خان کیلئے جلسوں میں عدم دلچسپی نقصان دہ ہو سکتی ہے، ہر رہنما کی کارکردگی دیکھ رہا ہوں، صحیح اور حقائق پر مبنی رپورٹ بانی پی ٹی آئی کو پیش کروں گا۔ پارٹی ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی خیبر پختونخوا پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوا جس میں وزیراعلیٰ علی امین گنڈا پور نے متعدد رہنماؤں کو وارننگ جاری کی۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور نے کہا کہ ہر جلسہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہدایت پر منعقد ہو رہا ہے، کچھ رہنماؤں کی جلسوں میں عدم دلچسپی کی شکایات ہیں، ٹاسک کے مطابق ورکرز کو باہر نہ نکالنے کی شکایت ہے۔

Registration No.3942 www.idealpakistannews.com ABC CERTIFIED

DAILY IDEAL PAKISTAN

روزنامہ آئیڈیل پاکستان

بانی غلام مصطفیٰ جتوئی ملتان اسلام آباد

چیف ایڈیٹر ساجد جتوئی 00923339233351 ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ

وزیراعظم کی ملاقاتیں مسئلہ ہائے کشمیر و فلسطین پر تبادلہ خیال

وزیراعظم محمد شہباز شریف اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے درمیان اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات ہوئی۔ سیکرٹری جنرل کو جموں و کشمیر کی صورتحال پر بریفنگ دیتے ہوئے وزیراعظم نے مقبوضہ وادی میں بھارت کی جارحانہ کارروائیوں پر پاکستان کی شدید تشویش کا اظہار کیا اور جنوبی ایشیا میں دیرپا امن و استحکام کو یقینی بنانے کے لیے تنازعہ کو حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انھوں نے سیکرٹری جنرل پر زور دیا کہ وہ جموں و کشمیر سے متعلق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں پر عملدرآمد اور کشمیریوں کے حق خودارادیت کو یقینی بنانے کے لیے اپنے اثر و رسوخ کا استعمال کریں۔ اس موقع پر وزیراعظم نے فلسطینیوں کے خلاف اسرائیل کی نسل کشی کی مہم کی شدید مذمت کی اور فوری اور غیر مشروط جنگ بندی کا مطالبہ کیا۔ انھوں نے عالمی برادری پر بھی زور دیا کہ وہ اسرائیل کا احتساب کرے۔ وزیراعظم نے خود مختار ریاست فلسطین، جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو، کے قیام کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کیا۔ شہباز شریف کی ترک صدر رجب طیب ایردوان سے بھی نیویارک میں ملاقات ہوئی۔ وزیراعظم نے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر کے مظلوم عوام کے لیے ترکیہ کی مضبوط اور مستقل حمایت کو سراہا۔ شہباز شریف نے کہا کہ ترک صدر نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں مسئلہ فلسطین مؤثر انداز میں پیش کیا ہے۔ مسلم رہنماؤں کی آپس میں اور بین الاقوامی و عالمی قیادت سے ہونے والی ملاقاتوں کی اہمیت اپنی جگہ ہے لیکن ایک حقیقت یہ کہ اسرائیل کے جتنے حوصلے بلند ہو چکے ہیں وہ کرۂ ارض کی تباہی کی نوبت لا سکتا ہے۔ جنگی جرائم پر اس کا کڑا احتساب ضروری ہے اور اس سے پہلے اس کے سرپرستوں کو بھی کٹہرے میں لایا جانا چاہیے۔ جب تک عالمی دہشت گرد اسرائیل اور بھارت کے خلاف ٹھوس بنیادوں پر کارروائی مکمل میں نہیں لائی جاتی عالمی امن کی ضمانت نہیں دی جا سکتی۔

نام محمد ﷺ

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

مشکبو عطر بیز ہوائیں فضا میں خوشی اور وجد سے دیوانہ وار جھوم رہی تھیں صحراؤں کے ذرے سمندروں کے قطرے اور کائنات کا چپہ چپہ شکر و تشکر میں محو ریز تھے۔ مالک کائنات نے اپنے بندوں پر احسان عظیم فرما دیا تھا اپنے محبوب کو اپنے نور کو لباس بشریت میں ملبوس فرما کر عالم رنگ و بو میں جلوہ گری کے لیے بھیج دیا تھا۔ چار دانگ عالم پر قابض اندھیرے روشنیوں میں بدل چکے تھے سسکتی بلکتی عالم نزاع میں مبتلا انسانیت کو حیات نو بخشنے والا آ گیا تھا منکرات کی سلیوں پر لگکے ہوئے انسانوں کو زندگی بخشنے والا آ گیا تھا آگ کے بھانبھڑے جیسے جہنم کے کناروں پر کھڑے لوگوں کا رخ فردوس بریں کی طرف موڑنے والا آ گیا تھا۔ یہی وہ مسیحا عظیم تھا جس کے آنے پر ہزاروں سال سے روشن آتش کدے سرد پڑ گئے غرور و تکبر کی علامت ملک شام کے قلعے پوں شاہی طاقت سرنگوں ہو گئے منہ کلوں میں دڑے آ گئے شرک و کفر کے ایوان توحید کے ترازوں سے گونج اٹھے فرش سے عرش تک قدسی ملائکہ کا ناتا بندہ بے کیا جو یہ تحقیق کا نات محبوب خدا کی زیارت کے لیے حضرت آمنہ کے آنگن میں حاضر ہو رہے تھے اور قیامت تک اس محبوب خدا کی زیارت و طواف کے لیے آتے رہیں گے اور دل میں یہ حسرت لے لوٹ جائیں گے کہ اب روز محشر تک ان کی دیدار باری نہیں آئے گی آج وہ آگئے جن کے آنے سے گھر گھر آسمنی میں زمگی اور روشنی کی پرورد گی تھی آج صرف عرب و عجم کے لیے ہی نہیں بلکہ تمام جہانوں کے لیے رحمت بن کر آئے تھے۔ آپ ﷺ کی آمد سے تمل پوری دنیا جہالت گمراہی ظلم و جبر شرک و بدعت رعداوت و گمراہی و نافرمانی کے سمیتی کوڑے میں گری ہوئی تھی انسانیت اور انسانی اقدار کا نام و نشان تک نہ تھا لڑکیوں بیٹیوں کو زندہ درگور کیا جاتا تھا عورتوں اور غلاموں کے ساتھ جانوروں سے بھی بدتر سلوک کیا جاتا عورتیں اور مرد سرِ عام بیت اللہ کا ننگا طواف کر نے ایک خدا کی عبادت کی بجائے اپنے ہی ہاتھوں سے تراشیدہ بتوں کی پوجا کی جاتی بت پرستی اس حد تک بڑھ گئی تھی کہ خانہ کعبہ میں بھی تین سو ساٹھ بت رکھے ہوئے تھے۔ فاشی مرحانی و بے حیائی فسق و فجور اور بدکاریوں پر عادت و شرمندگی کی بجائے اس پر فخر کیا جاتا شراب نوشی و قمار بازی ان کا ڈوبے ہوئے تھے چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑائی جھگڑے طویل جنگوں کا روپ دھار لیتے انتقام و کینہ پروری کو صف خوبی سمجھا جاتا تھا بتوں کے نام پر جانور ذبح کیے جاتے اور بتوں پر چڑھاوے چڑھائے جاتے قلم کی ایجاد ابھی کچھ زندہ جاوروں کا گوشت کاٹ کر کھانا عجیب شغل تھا۔ غلامی صعیبت نقطہ عروج پر تھی ایک قبیلہ دوسرے قبیلے کو کمتر اور ذلیل سمجھتا تھا گھڑ دوڑ پر بازی لگائی جاتی سودی لین دین عام تھا۔ انسانیت سسکتی بلکتی دم توڑتی آخری سانسیں لیتی تھی اور شدت سے اپنے مسیحا کے انتظار میں تھی اور پھر مالک نے بیڑا نو انسانیت کی دردکش پر ترس آیا اور اپنے محبوب اور آخری رسول ﷺ کو اس دنیائے آب و گل میں بھیجا آپ ﷺ کے آنے پر حضرت آمنہ فرماتی ہیں آپ ﷺ کے آنے پر میں نے ایک عظیم نور دیکھا جو پھیلتا چلا گیا یہاں تک کہ شام کے قلعات بھی میری نظروں میں روشن ہو گئے آپ ﷺ کسی گرمی کے بغیر پاک صاف پیدا ہوئے۔ حضرت عثمان بن ابی العاص کی والدہ فرماتی ہیں آپ ﷺ کی ولادت کے وقت جد عمر نظر جاتی تھی دیواریں گرتی تھیں شاخ ہوتے قیمتی ذرماتی تھی دل میرے ہاتھوں میں آئے تو حالت سجدہ میں اور انگشت اٹھائے ناف بریدہ اور غسل شدہ تھے ایک آواز بھی آئی رب کریم تم پر رحم فرمائے حضرت آمنہ فرماتی ہیں جب آپ ﷺ پیدا ہوئے تو آپ ﷺ سجدہ پر گئے اور دونوں انگلیاں آسمان کی طرف اٹھائے ہوئے تھے آپ ﷺ نے سجدہ میں جانے کے بعد انگشت آسمان کی طرف اٹھا کر فرمایا اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور بے شک میں اللہ کا رسول ﷺ ہوں۔ حضرت آمنہ فرماتی ہیں بادل کا ٹکڑا نمودار ہوا جس کے باعث آپ ﷺ کی آنکھوں سے اوجھل ہو گئے میں نے آواز سنی آپ ﷺ کو تمام عالم کی سیر کرائی گئی تاکہ تحقیق آپ ﷺ کی صفات آپ ﷺ کی صورت اور اہم گرامی سے آشنا ہو جائے یہ بادل صرف ایک لمحہ کے لیے منور رہا اس کے بعد پہلے سے بڑا بادل آیا اس میں انسانوں اور گھوڑوں کی آوازیں سنی پھر ایک آواز آئی۔ آپ ﷺ کو حزن انس اور چرند پرند دکھائے گئے پھر آپ ﷺ کو آدم کی صفوت و بیزرگی نوح کی رقت ابراہیم کی سی آزمائش داؤدی صورت ایوب کا صبر بنی کی زبدھیتی کی حلاوت عطا ہو گئیں یہ بادل صرف ایک لمحہ کے لیے روشن ہوا۔ آپ ﷺ کے ولادت کے وقت آپ ﷺ کے دادا عبدالمطلب خانہ کعبہ میں طواف کر رہے تھے حضرت عبدالمطلب فرماتے ہیں اس رات کعبہ میں تمام بتوں کو دیکھا کہ سب بت اپنی اپنی جگہ سے سر نگوں ہو کر سجدے میں گر پڑے ہیں اور کعبہ کے در و دیوار سے یہ آواز آ رہی تھی۔ مطلب کی مختار پیدا ہوا اس کے ہاتھوں سے کفار بلاک ہوں گے اور کعبہ بتوں کی عبادت سے پاک ہو گا اور وہ اللہ کی عبادت کا حکم دے گا جو تحقیق راشاہ اور سب کچھ جاننے والا ہے حکمرسہ سے مروی ہے کہ جس روز محبوب خدا ﷺ کی ولادت ہوئی تو ابلیس نے دیکھا کہ آسمان سے تارے گر رہے ہیں اس نے اپنے لشکروں کو کہا آج رات وہ پیدا ہوا ہے جو ہمارے نظام کو درہم برہم کر دے گا اس کے لشکروں نے اسے کہا کہ تم اس جب وہ اس نیت سے آمنہ کے لال کی تر تیب جانے لگا تو حضرت جبرئیل نے اسے پاں ٹھوکر لگائی اور اسے عدن میں پھینک دیا علامہ ابدالقاسم لکھتے ہیں ابلیس ملعون زندگی میں چار بار چیخ مار کر روتا بھی حضرت جب اس کو ملعون قرار دیا گیا دوسری مرتبہ جب اسے بلندی سے پستی کی طرف دھکیلا گیا تیسری مرتبہ جب سرور دو عالم ﷺ کی ولادت با سعادت ہوئی اور چوتھی مرتبہ جب سورۃ فاتحہ نازل ہو ئی اور چینا چلا شیطان کا عمل سے آپ ﷺ کی ولادت سے کائنات کا ذرہ ذرہ خوشی سے جھوم رہا تھا نغمے سرور اور دنیا میں آنے کے بعد آرام فرما رہے تھے کہ ام ایمن کنیز کمر سے میں داخل ہوئی اور بولی اہل قریش نغمے سرور اللہ کو دیکھنا چاہتے ہیں حضرت آمنہ فرماتی ہیں آپ ﷺ آرام فرما رہے ہیں اور پھر کنیز کو اٹھانے کی اجازت دیتی ہیں کنیز آگے بڑھ کر نغمے سرور اللہ کو بیدار سے دیکھتی ہے جو مطمئن نیند سے آرام فرما رہے تھے حضرت آمنہ بلاتی ہیں شاید نغمے سرور اللہ کا نام رکھا جائے گا۔ جی ہاں میں سردار قریش عبدالمطلب نے حکم دیا ہے کہ نغمے سرور اللہ کو نیچے لے کر آؤ تم اپنے سے سردار کو دیکھنا چاہتی ہے اور پھر کنیز بڑھ کر نغمے سرور اللہ کو تاج الانبیاء سرور کائنات ﷺ کو اٹھا لیتی ہے نغمے سرور اللہ اس کے اٹھانے سے چونک اپنی خوبصورت کالی کالی آنکھیں کھول دیتے ہیں آرام سے ماں بولی جی ماں کنیز میرے آقا میرے سردار میرے مالک میری زندگی کہتے ہوئے اپنے سینے سے لگا لیتی ہیں اور پھر نغمے سرور اللہ کو باہر مہمانوں کے درمیان لے آتی ہے نغمے سرور اللہ کو باہر ملکوتی حسن اور چاند جیسا چہرہ دیکھ کر سب نے تعریف کی اور قریشیوں نے مخصوص حسن کی فراخدلی سے بھرپور داد دی ہم نغمے سرور اللہ کو کس نام سے پکاریں تو سردار قریش عبدالمطلب کی آواز گونجی محمد تم اپنے بیٹے اور نغمے سرور کو محمد کے نام سے پکارو گے۔ محمد ﷺ کا بہت ہی حیرت زدہ آوازیں گونجیں ہاں میرے پوتے اور میرے نو بیٹوں کے بیٹے کا نام محمد ﷺ ہے ہم تو بہت اچھا ہے ہم نے اس لیے تجویز کیا ہے کہ تریش میں یہ نام کبھی سننے میں نہیں آیا حرب بن امیہ بولا سردار دادے نے اس کی طرف دیکھا اور خوشی اور فخر سے لبریز لہجے میں کہا قریش ہی میں حرب پورے عرب میں کہو کہ کے سینے میں یہ نام صدیوں اور قرنوں سے امانت کے طور پر محفوظ تھا آج تک اپنی امانت سے سبکدوش ہو رہا ہے یہی وہ نام تھا جو حضرت آدم نے اپنی ظلمتِ پر عرش عظیم کی پیشانی پر لکھا ہوا دیکھا اور جب محمد ﷺ کے نام سے معافی مانگی تو خالق نے نیازکر تے آباد محمد ﷺ کے نام سے باگی ہوئی قبر کو شرف قبولیت بخشا اور اپنا رسول دیا (ماخذ مشق مطلے الاشق رسول ﷺ)۔

مقبوضہ کشمیر کے انتخابات کی ساکھ

(تحریر: عبدالباسط علوی)

منصفانہ اور قابل اعتماد انتخابات کے لیے شفافیت ضروری ہے مگر اس سلسلے میں متعدد مسائل رپورٹ ہوئے ہیں۔ شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے آزاد مبصرین کی موجودگی بہت اہم ہے۔ بدقسمتی سے، مقبوضہ کشمیر میں، بلکہ اور بین الاقوامی دونوں طرح کے مبصرین کی رسائی پر پابندیوں نے عمل کی غیر جانبداری اور سلیت کے بارے میں خدشات کو جنم دیا ہے۔ وقتاً فوقتاً سواملاتی بندشوں، جو اکثر حفاظتی وجوہات کی بنا پر عائد کی جاتی ہیں، نے میڈیا اور سول سوسائٹی کی انتخابات کی نگرانی اور رپورٹنگ کی کوششوں میں رکاوٹ پیدا کی ہے، جس کی وجہ سے مذہم ایجنڈوں کے الزامات سامنے آئے ہیں اور عوام کا اعتماد کم ہوا ہے۔

اگست 2019 میں آرٹیکل 370 کی منسوخی کیا، جس نے جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کیا، نے خطے کے سیاسی منظر نامے اور انتخابی عمل کو نمایاں طور پر تبدیل کر دیا ہے۔ جموں و کشمیر کی دو اکائز کے زیر انتظام علاقوں۔ جموں و کشمیر اور لداخ میں تنظیم نو نے کنٹرول کو مرکزی بنا دیا ہے اور سیاسی حرکیات کو تبدیل کر دیا ہے، جس سے انتخابات میں مزید تاخیر ہوئی ہے اور خانہ جنگی رہنمائی کے قیام کی کوششیں پیچیدہ ہو گئی ہیں۔ منسوخی کے بعد سے ہندوستانی فوج کی پوسٹنگ میں موجودگی کے تحت گورننس اور کنٹرول کا ماحول بدلا گیا ہے، جو شہریوں کی انتخابات میں آزادانہ طور پر حصہ لینے کی صلاحیت کو متاثر کرتا ہے۔ رپورٹس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ فوجی موجودگی خوف اور دھمکیوں کو فروغ دیتی ہے۔ بہت سی مقامی سیاسی جماعتوں اور رہنماؤں نے اس عمل کی انصاف پسندی اور قانونی حیثیت پر خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے انتخابات کا بائیکاٹ کیا ہے۔ یہ بائیکاٹ سیاسی صورتحال میں پیچیدگی کا باعث بنا ہے اور جائز اور نمائندہ انتخابات کے انعقاد کی کوششوں میں رکاوٹ بنا ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے انتخابی مسائل نے بین الاقوامی اور مقامی مبصرین کی توجہ حاصل کی ہے۔ بین الاقوامی انسانی حقوق کی تنظیموں نے رائے دہندگان کو دبانے، شفافیت کی کمی اور انتخابی ہیرا پھیری کے الزامات جیسے مسائل کا حوالہ دیتے ہوئے مقبوضہ کشمیر میں انتخابی عمل کے بارے میں خدشات کا اظہار کیا ہے۔ مقامی طور پر، اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اصلاحات کا مطالبہ کیا گیا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں انتخابات منصفانہ اور شفاف ہوں۔

ہندوستان مقبوضہ کشمیر میں منصفانہ انتخابات کے انعقاد میں بے قاعدگیوں کا ٹریک ریکارڈ رکھتا ہے۔ خطے میں انتخابی عمل کی سالمیت پر بات کو یقینی بنانے کے لیے اصلاحات کا مطالبہ کیا گیا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں انتخابات منصفانہ اور شفاف ہوں۔

2019 اور 2020 کے بلدیاتی انتخابات میں بھی اسی طرح کے بے قاعدگیاں سامنے آئیں۔ الزامات میں ووٹر لسٹوں میں ہیرا پھیری، ووٹنگ اسٹیشنوں کی متضیانہ تقسیم اور ووٹرز کو دھمکانے کی مثالیں شامل تھیں۔ پولٹ ہینڈنگ اور نتائج کی رپورٹنگ میں مسائل بھی بے ضابطگیوں کی اطلاع دی گئی، جس سے مقامی حکمرانی کی تاثیر اور منتخب نمائندوں کی حقیقی طور پر اپنے حلقوں کی مرضی کی عکاسی کرنے کی صلاحیت کے بارے میں خدشات پیدا ہوئے۔

مقبوضہ کشمیر میں انتخابی دھاندلی کے الزامات کے مسلسل واقعات میں ووٹر لسٹوں میں تضادات شامل ہیں۔ رپورٹوں میں مرنے والے افراد کو شامل کرنے یا اہل ووٹرز کو خارج کرنے کے واقعات بھی سامنے آئے ہیں، جس سے نمائندگی کی درستگی اور انتخابات کی ساکھ کو نقصان پہنچایا ہے۔ متضاد اور تبدیل شدہ ووٹنگ کے دکھووں کے ساتھ ای وی ایم کو خرابی اور چھیڑ چھاڑ پر شبہات کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ مزید برآں، ووٹرز اور امیدواروں کے ساتھ زور زبردستی کی اطلاعات اور میڈیا اور آزاد مبصرین کے لیے محدود رسائی نے انتخابی عمل پر اعتماد کو ختم کر دیا ہے۔ رپورٹنگ اور نگرانی پر پابندیاں انتخابی بے ضابطگیوں کی درست نشر و اشاعت میں رکاوٹ بن سکتی ہیں اور انتخابی عمل کے بارے میں عوامی شکوک و شبہات کو تیز کر سکتی ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کے انتخابات میں دھاندلی کے الزامات کے دور رس نتائج ہیں۔ مسلسل الزامات انتخابی نظام اور جمہوری اداروں دونوں پر عوام کے اعتماد کو کمزور کر رہے ہیں۔ جب رائے دہندگان اور سیاسی اداکار نظام کو ناقص سمجھتے ہیں تو یہ جمہوری نمائندوں اور حکمرانی کے قانونی حیثیت کو کم کر دیتا ہے۔ اس طرح کے الزامات خطے میں موجود تناؤ اور تنازعات کو بھی بڑھا سکتے ہیں، جو ممکنہ طور پر امن و سلامتی کے لیے خطرہ پیدا کر سکتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں اس عمل میں شفافیت اور انصاف کی کمی کو بڑھانے کے لیے انتخابی اصلاحات کے مطالبات بڑھ رہے ہیں۔ ان مسائل کو یقینی بنانا کہ انتخابات آزادانہ، منصفانہ اور قابل اعتماد ہوں، عوام کے اعتماد کی بحالی اور جمہوری حکمرانی کو آگے بڑھانے کے لیے اہم ہے۔ ان تمام مثالوں کے باوجود ہندوستان مقبوضہ کشمیر میں ایک اور تنازعہ انتخابات کرانے پر بضد ہے۔ ایک اہم مسئلہ یہ بھی ہے کہ ہندوستانی حکومت نے حال ہی میں مقبوضہ کشمیر کے گورنر کو اہم اختیارات دیے ہیں، جو خطے کے منتخب عہدیداروں پر اتھارٹی کی کمی کا اشارہ ہے۔ اگر ہندوستان خود مقامی حکومت کی تاثیر پر یقین نہیں رکھتا اور اسے کوئی حقیقی اختیار دینے سے گریزاں ہے، تو ان انتخابات کی کیا ضرورت رہ جاتی ہے۔ مزید برآں مقبوضہ کشمیر میں حالات کو بہتر بنانے کے ہندوستان کے دعوے گمراہ کن اور جھوٹے ہیں۔ خوف، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور ہندوستان کے جبر و تشم کے موجودہ ماحول کو دیکھتے ہوئے، اس طرح کے دعوے انتخابی عمل کے جواز اور انکی شفافیت پر مشکوک و شبہات پیدا کرتے ہیں۔ لاک ڈاؤن، میڈیا پر پابندیوں اور دھوکہ دہی سے صورتحال مزید بگڑ گئی ہے۔ شدید جبر اور لاک ڈاؤن کے باوجود بھارت کے دعوے اور میں اضافے نے دعوے بھی انتہائی مشکوک خیز ہیں۔

ان انتخابات کو اس کی علامت کے طور پر پیش کرنے کی ہندوستان کی بار بار کی ناکام کوششیں یہ ثابت کرتی ہیں کہ کشمیری بھارت سے نفرت کرتے ہیں اور انتخابی ڈرامے کے بجائے حقیقی حق خود ارادیت کے خواہاں ہیں۔ اس کے برعکس آزاد کشمیر کے لوگ زیادہ آزادی سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور اپنے نمائندوں کا انتخاب آزادانہ طور پر کرتے ہیں۔ واحد قابل عمل حل یہ ہے کہ ہندوستان کو اس گمراہ کن انتخابی ڈراموں کو بند کرنے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کو حق خودارادیت دینے پر مجبور کیا جائے۔

Show Biz شوبز کارنر

اسکواش چیمپئن شپ: پاکستان نے عاصم خان نے بڑا اپ سیٹ کر دیا

بیجی الوانسائی کوسٹی خیز مقابلے میں شکست دے کر کوارٹر فائنل تک رسائی حاصل کر لی

ورجینیا (این این آئی) شارلٹس ول اوپن اسکواش ٹورنامنٹ میں پاکستان کے عاصم خان نے بڑا اپ سیٹ کرتے ہوئے سیکنڈ سیڈ مصر کے بیجی الوانسائی کو سٹی خیز مقابلے میں شکست دے کر کوارٹر فائنل تک رسائی حاصل کر لی ہے۔ امریکی ریاست ورجینیا میں جاری اس ٹورنامنٹ میں عاصم نے مصنوعی مصری حریف کو ایک گھنٹے پر محیط سخت مقابلے کے بعد زیر کیا۔ عاصم خان نے بیجی الوانسائی کو 11-7، 11-4، 11-6، 7-11 اور 11-7 سے شکست دے کر کوارٹر فائنل میں جگہ بنا لی۔ اس اپ سیٹ فتح کے بعد عاصم کو 28750 ڈالرز ہے اور دنیا بھر کے اسکواش کھلاڑی اس ایونٹ میں شریک ہیں۔

